

# صلیب ماضی، حال اور مُستقبل!

مُصنف: شہزاد الیاس

# صلیب ماضی، حال اور مُستقبل!

مُصنف: شہزاد الیاس

فروری: ۲۰۲۴

ناشرین: پاور اِن ورڈ منسٹریز۔۔لاہور پاکستان!

www.powerinwordministries.com

# "صلیب ماضی، حال اور مُستقبل"

صلیب ایک ایسی علامت ہے جو وقت سے بالاتر ہے اور اِنسانیت کے لئے خدا کی ابدی محبت کا جوہر ہے۔ صلیب ماضی تک محدود نہیں ہے بلکہ اِس کے ہاتھ حال سے ہوتے ہوئے آپ کو مُستقبل تک پھیلے ہوئے نظر آتے ہیں۔صلیب میں ہمیں نسلِ اِنسانی کے لئے نجات، اُمیداور ایمان کا پیغام مِلتاہے۔ آیئے ہم اِس لازوال سچائی کو تلاش کریں جو صلیب ہمارے لیے رکھتی ہے۔

## I:صلیب ماضی میں:

خُدا کی مُحبت ہمیں گلُگتا پہاڑی پر اپنے عُروج پر نظر آتی ہے۔اور یوں تمام نسلِ اِنسانی کے لئے مُفت نجات پانے کا دروازہ کُھل جاتا ہے۔ یسوع جو بے گناہ اور کامل تھا ہمارے گناہوں کا بوجھ اُٹھایا اور خُدا کے ساتھ ہماری صُلح کروانے کے لئے خود کو حتمی قربانی کے طور پر پیش کردِیا۔ یہ اِنتہائی اذیت کا دن تھالیکن ساتھ ہی ساتھ یہ محبت کا بھی دن تھاایک ایسی گہری محبت جس نے اِنسانیت کو خدا سے جُدا کرنے والے پردے کو پھاڑ دیا۔ ماضی کی صلیب معافی، رحم، اور ہمارے آسمانی

باپ کے ساتھ ہمارے تعلقات کی بحالی کی علامت ہے۔

"لیکن خُدا اپنی محبت کی خُوبی ہم پر یوں ظاہر کرتا ہے کہ جب ہم گناہ گار ہی تھے تو مسیح ہماری خاطر موا۔"رومیوں 8:5

**2:صلیب حال میں:** مُجھے یہ بات کہنے میں زرا بھی ہچکچاہٹ نہیں کہ اِس مُشکل دور میں جہاں سب کُچھ ہمارے ہاتھوں سے پھِسلتا ہوا محسوس ہوتا ہے وہاں صلیب ہماری لئے اُمید،قوت اور اِطمینان کا ذریعہ بنی ہوئی ہے۔ یہ ایک مُستقل یاد دہانی ہے کہ ہم اپنی جدوجہد میں تنہا نہیں ہیں۔ صلیب کے ذریعے، ہمیں آزمائیشوں پر قابو پانے کے لیے فضل،اپنی کوتاہیوں کے لئے معافی، اور فاتحانہ زندگی گزارنے کی طاقت ملتی ہے۔ آج، صلیب اُمید کی کِرن کے طور پر کھڑی ہے۔ جو ہمیں یقین کے ساتھ خُدا کے پاس جانے کی دعوت دیتی ہے، یہ جانتے ہوئے کہ یسوع مسیح کی بدولت دِی گئی قربانی آج بھی ہماری زندگیوں پر پُوری پُوری اثرانداز ہوسکتی ہے۔

"کیونکہ صلیب کا پیغام ہلاک ہونے والوں کے نزدیک تو بیوقوفی ہے، مگر ہم نجات پانے والوں کے نزدیک خُدا کی قدرت ہے۔"

1 ۔کرنتھیوں 18:1

## 3:صلیب مُستقبل میں: صلیب ہمیں ایک

شاندار مُستقبل کا یقین دلاتی ہے۔ابدیت کے نہ ختم ہونے والے سُکھ کی پہچان کرواتی ہے۔ بطور مسیحی ایمان دار ہمیں مسیح کی قیامت کی طاقت کے ذریعے ابدی زندگی کی اُمید ہے۔ صلیب ایک ایسے مُستقبل کا دروازہ ہے جہاں درد، دُکھ اور گناہ نہیں ہوں گے۔ یہ ایک وعدہ ہے جو وقت سے ماورا ہے اور ہمیں یہ یقین دہانی کراتا ہے کہ مسیح میں ہمارا ایمان ہماری تقدیر کو ہمیشہ کے لئے اُس کی محبت بھری موجودگی میں محفوظ کر چُکا ہے۔

"میرے باپ کے گھر میں بہت سے مکان ہیں، اگر نہ ہوتے تو میں تم سے کہہ دیتا کیونکہ میں جاتا ہوں تاکہ تمہارے لئے جگہ تیار کروں۔اور اگر میں جا کر تمہارے لیے جگہ تیار کروں۔ تو پھر آکر تُمہیں اپنے ساتھ لے لُوں گا تاکہ جہاں میں ہوں تُم بھی ہو۔" یوحنا 14 : 2-3

جیسا کہ ہم نے ماضی،حال اور مُستقبل میں صلیب کی افادیت پر غور کیا۔تو آیئے ہم مسیح کی تبدیلی کر دینے والی قربانی کی

طاقت اور گہرائی کو سمجھتے ہوئے یسوع کو اپنا خُداوند مان لیں۔ صلیب ہمیں ماضی کی معافی کے لئے شکرگزار رہنے، حال کے چیلنجوں کے لئے طاقت حاصل کرنے، اور مُستقبل کے وعدے کا بے تابی سے اِنتظار کرنے کی ترغیب دے رہی ہے۔ ایسا کرتے ہوئے آیئے ہم صلیب کے پیغام کو ایک ایسی دنیا کے ساتھ بانٹیں جس کو نجات کی ضرورت ہے اور جو یسوع مسیح کی اِس عظیم قُربانی سے ابھی تک ناواقف ہے۔



پادری شہزاد الیاس پاور اِن ورڈ منسٹریز میں پاسبانی خدمت سرانجام دے رہے ہیں۔

اُن کی اہلیہ آفیہ شہزاد اور بیٹا واعظ شہزاد بھی خدمت گزاری کے کام میں اُن کے ساتھ پیش پیش ہیں۔

آپ سے درخواست ہے ہماری چرچ ٹیم کو اپنی دُعاؤں میں یاد رکھیں

تاکہ خُدا کے کلام کی خِدمت خُدا کی مرضی کے مطابق سرانجام دے سکیں۔

اگر آپ کو یہ تحریر پسند آئی ہے تو آپ اِس تحریر کو ڈاؤن لوڈ کر کے اپنی کلیسیا کے اراکین، اپنے بہن بھائیوں

اور اپنے دوست احباب کے ساتھ ضرور شیئر کریں خدا آپ کو برکت دے شکریہ۔